سٹار لینڈ پروڈکشن کا

डाका

ڈاکہ

کہانی
اور
گانے

اداکاران

نروپا رائے ۔ اشوک کمار ۔ سمرتی بسواس

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری

پولیس اُس کی تلاش میں تھی۔ اخباروں میں اُس کی تصویریں چھپ چکی تھیں۔ گرفتاری کے لئے انعام مقرر کر دیا تھا۔ سب اُسے ڈاکو سمجھتے تھے۔ خوفناک ڈاکو... جس نے دن دہاڑے بینک لوٹ لیا۔

راجے بہادر کیسر لال کی لڑکی ریکھا بھی اخبار میں ونود کی تصویر دیکھ کر چونک پڑی۔ کیا ونود بیکار ڈاکو تھا؟ یہ سوال اُس کے دماغ میں چکر کاٹنے لگا — آگے پردہ پر دیکھیں۔

ڈاکہ کے گانے

گانا نمبر ۱

آسماں... آسماں تو کیا جانے میرے دل کی داستاں
تیری آنچل میں ہیں جتنے تارے
ہیں میرے بھی وہ ارمان سارے
ایک چھوٹے سے دل میں ہمارے
جگمگاتا ہے سارا جہاں
یہ نظارے یہ گھڑیاں سہانی
کب اکیلے کٹے زندگانی
لے گئیں دل اُڑا کر ہوائیں
گھومیں گے مست سارا آسماں
آرزو کب سے ہے دل کو میرے

کوئی آ جائے زلفیں بکھیرے
ہاتھ میں تھام کر ہاتھ اُنکا
حال اپنا میں کر دوں بیاں

گانا نمبر ۲

ٹھنڈی ہوا لگ نہ جائے
باہر نہ جانا صنم
آ جا میرے دِل میں آ جا
یہ دِل ہے گرم گرم
جانِ جگر دیکھو ادھر
پردہ نظر کا اُٹھاؤ
دِل میں یہاں جانِ جہاں
کوئی نہیں آ ہی جاؤ
دیکھو ہمیں نہ ستاؤ چھوڑو بہانہ صنم
غم ہی میں تھا کوئی مزا
نا کچھ مزا تھا خوشی میں
اُلفت بنا ویسا جیا
رکھا تھا کیا زندگی میں
آ پیار کی بے خودی میں چھیڑیں ترانہ صنم
ہم سا کہیں عاشق نہیں
تم سا نہ دلدار کوئی
جانے بھی دو دیوانے بھی دو ہونٹوں پہ اقرار کوئی

دِل مانہیں یار کوئی ایسا زمانہ صنم

گانا نمبر ۳

کہاں چلی کہاں چلی ... گوریا
توڑ کے دو نینوں کا تالا
جِس نے دِل پہ ڈاکہ ڈالا
مَیں تو واری واری جاؤں ایسے چِت چور کے
بن کے سَیّاں بن کے اپنا آیا میرے انگنا
جاگ اُٹھی کوئی پایلیا کھنکا مورا انگنا
دیکھ کے جس کا روپ نرالا
اب نہ گھونگھٹ جائے سنبھالا
جب سے لاگے نین پیا سے
تب سے نین نہ لاگے
اب سے ہے یہ حال جیا کا
تو کیا ہو گا آگے
زور سے دھڑکا دِل متوالا
ہو گیا جو تھا ہونے والا

گانا نمبر ۴

چاند نے کچھ کہا تاروں نے کچھ سُنا
بات کی بات میں جانے کیا ہو گیا
آنکھیں جھک جھک گئیں دھڑکنیں رک گئیں
کیا بتاؤں میرا دِل کہاں کھو گیا

ہم تو خود سے ہی نظر چرانے لگے
جانے کیا سوچ کر مسکرانے لگے
اب تو دل نہ کسی کے بہانے لگے
رات آئی ہے زلفیں سنبھالے ہوئے
آنکھوں آنکھوں میں کیا کیا اشارے ہوئے
بس ہے اتنی خبر ہم تمہارے ہوئے
بات بڑھتی رہے رات ڈھلتی رہے
بس یوں ہی چاند کی شمع جلتی رہے
آج سینے میں دھڑکن مچلتی رہے

گانا نمبر ۵

او ہو ہو او ہو ہو
لے لے یہ میرا دل تیرا نذرانہ ہے
تیری تصویر ہے جس میں یہ وہ پیمانہ ہے
اُدھر تو ہے اِدھر دل ہے
محبت کی یہ منزل ہے
قفس میں ہے زباں میری نہ قابو میں میرا دل ہے
محبت کی ...
صنم کیوں ہو خفا بیٹھے
نگاہیں کیوں جھکا بیٹھے
میرے دل میں جی آ جاؤ
جب اس محفل میں آ بیٹھے

ستمگر کو...

ستمگر کو ہر ایک دھڑکن تیرا افسانہ ہے
ارے ظالم نہ جا اُٹھ کر
یہ شیشے سے نازک تر
مجھے ستمگر نہ یوں دیکھو
دیوانہ میں نہیں دلبر
نہ جو سمجھے صدا دِل کی وہی دیوانہ ہے

گانا نمبر ۶

دِل پھنسے... اوہو... دیکر جھانسے آہا
ہائے تیری نظر مستانی
جاؤ جاؤ۔ ہاہا نہ ستاؤ ہو ہو
یہ محبت کی جھوٹی کہانی
تیرا کسی نے جب نام لیا
ہم نے دِل اپنا تھام لیا
رکھو سنبھال کے جان میٹھی جان کے
تم کو جی دُور سے سلام کیا
نہ ستاؤ اوہو پاس آؤ اوہو
کہ بلائی ہے رُت یہ سہانی
کون ہے کہ جینا دشوار کرے
شامت آئے جس کی وہ پیار کرے
دِل میں تو پیار ہے کوئی دلدار ہے

چاہے تو بہانے ہزار کرے
رہے ایسے کوئی کیسے
یہ جوانی ہے آخر جوانی

ختم شد

عملیات تسخیر محبوب عرف
ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمائیے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف ۱۱۸/- محصولڈاک معاف

اندرجال

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے۔ جسکے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کرکے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف ۱۱۸/- محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی